# ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ

21ماؤوایریا،3rdروڈ، سیکٹرG-10/4،اسلام آباد۔www.mpcl.com.pk

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام-22جون،2022ء

بذریعہ نوٹس ہذااطلاع دی جاتی ہے کہ ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ کے ممبران کا غیر معمولی اجلاس عام(EOGM) مورخہ 22جون،2022ءبروزبدھ بوقت10:00بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 21ماؤوایریا، تھرڈ روڈ، سیکٹرG-10/4،اسلام آباد میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

**عمومی کارروائی:**

1. کمپنیزایکٹ 2017کے سیکشن159کی پیروی میں 24جون 2022سے شروع ہونے والی تین(3)سالہ مدت کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے متعین کردہ سات(07)ڈائریکٹرز کاانتخاب۔

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز مندرجہ ذیل ہیں:

i. جناب وقاراحمد ملک
ii. جناب فہیم حیدر
iii. ڈاکٹرندیم عنایت
iv. میجرجنرل احمد محمود حیات(ریٹائرڈ)
v. میجرجنرل نصیر علی خان(ریٹائرڈ)
vi. سید بختیار کاظمی
vii. جناب عدنان آفریدی
viii. محترمہ عائلہ مجید

ریٹائر ہونے والے تمام ڈائریکٹرز خود کو دوبارہ انتخاب کیلئے پیش کرنے کے اہل ہونگے۔

بورڈ نے ڈائریکٹرز کی کل تعداد گیارہ(11)مقرر کی ہے۔منتخب ڈائریکٹرز کے علاوہ،چار(04)نامزد ڈائریکٹر ہوں گے، جن میں سے دو(2)حکومت پاکستان اوردو(2)OGDCLکی نمائندگی کریں گے۔نامزد ڈائریکٹرز انتخاب سے مشروط نہیں ہیں-

**کوئی بھی دیگر کاروباری امور**

2. چیئرمین کی اجازت سے دیگر کاروباری امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

فیض چھاپرا

چیف لیگل آفیسر / کمپنی سیکریٹری

اسلام آباد

31مئی،2022

## نوٹس:

### 1. کتابوں کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 15 جون 2022 سے 22 جون 2022 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس واقع میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور میں 14 جون 2022 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی تمام ٹرانسفرز کو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

### 2. منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کے تحت، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے ڈائریکٹرز کی تعداد گیارہ (11) مقرر کی ہے۔ EoGM میں سات (07) ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جائے گا۔ باقی چار (04) ڈائریکٹرز حکومت پاکستان اور آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے نامزد کردہ ہیں جن کی تقرری کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 62 کے مطابق الیکشن سے مشروط نہیں۔

### 3. انتخاب میں حصہ لینے کا اعلامیہ

ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند کوئی بھی فرد، ریٹائرڈ ہونے والا ڈائریکٹر یا کوئی اور، اپنی درخواست درج ذیل دستاویزات اور معلومات کے ہمراہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں متذکرہ بالا میٹنگ کے انعقاد سے 14 دن کے اندر ارسال کر دیں۔

a) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب میں شمولیت سے متعلق خواہشمند امیدوار کا نوٹس؛

b) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167 کے تحت فارم 28 پر بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی۔

c) کمپنی کی ویب سائٹ پر لگانے کے لیے SECP کے SRO634(1)2014 بتاریخ 10 جولائی 2014 کے تحت مطلوبہ دفتری پتہ کا حامل تفصیلی پروفائل۔

d) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی؛

e) ایک اقرار نامہ کہ:

- وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 153 کے تحت بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کے لیے نااہل نہیں۔
- وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 153 کے تحت سات سے زائد لسٹڈ کمپنیوں میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا۔ بشرطیکہ اس مدت میں کسی بھی لسٹڈ ہولڈنگ کمپنی کے لسٹڈ ذیلی ادارے میں بطور ڈائریکٹر خدمات کی انجام دہی کا عرصہ شامل نہ ہو۔
- وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کی لسٹنگ ریگولیشنز اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے واقف ہے۔

### 4. ووٹنگ بذریعہ پوسٹل بیلٹ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے، اگر خود کو منتخب ہونے کی پیشکش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 159(1) کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو تو، ممبران کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے مذکورہ ضابطوں میں موجود طریقہ کار کے مطابق اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی۔

### 5. اجلاس عام میں آن لائن شمولیت

غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی درج ذیل معلومات بذریعہ ای میل corporate.affairs@mpcl.com.pk; پر ارسال کر کے خود کو کمپنی کے ساتھ رجسٹر کرائیں؛

| شیئر ہولڈر کا نام | شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | فون/رابطہ نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

آن لائن میٹنگ لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ان ممبران کو فراہم کی جائیں گی جن کے ای میل مطلوبہ تمام معلومات کے ہمراہ دیے گئے ای میل پتے پر 21 جون، 2022 بروز منگل کاروبار کے اختتام تک پہنچ جائیں۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے روز صبح **9:45** بجے سے اجلاس کے اختتام تک دستیاب رہے گی۔

### 6. پراکسی کا تقرر

مذکورہ میٹنگ میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار کوئی بھی ممبر اپنی جگہ میٹنگ میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے بطور پراکسی کسی دوسرے شخص/نمائندے کو مقرر کر سکتا ہے۔ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے مطابق نمائندگی نامہ میٹنگ کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانا چاہیے۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے، پراکسی فارم (انگریزی اور اردو دونوں میں) کمپنی کی ویب سائٹ https://mpcl.com.pk/forms/ پر بھی دستیاب ہیں۔

کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ مع نامزد فرد کے دستخط میٹنگ کے انعقاد سے قبل فراہم کرنے ہوں گے۔ سی ڈی سی ممبر یا کمپنی کے کارپوریٹ نمائندوں کو میٹنگ کے وقت شناخت اور تصدیق کے ثبوت کے طور پر اپنے اصل قومی شناختی کارڈز یا پاسپورٹ جبکہ سی ڈی سی اکاؤنٹ اور بطور شرکت کنندہ شناختی نمبر ساتھ لانا ہوگا۔ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے سرکلر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000 میں درج ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی۔

## 7. ویڈیو کانفرنس کی سہولت

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 132(2) کے مطابق، ممبران اس غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے لیے ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں بشرطیکہ کمپنی کو میٹنگ کے انعقاد سے کم از کم 7 دن قبل مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ شیئر رکھنے والے ممبران کی جانب سے رضامندی حاصل ہو۔

اس سلسلے میں، براہ کرم مقررہ ٹائم لائنز کے اندر کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر درج ذیل فارمیٹ کے مطابق دستخط شدہ درخواست بھیجیں۔

**فارم برائے ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت**

میں/ہم، ____________________ بجانب ____________________ بطور رکن ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ اور ____________ عمومی شیئرز کا حامل بمطابق رجسٹر فولیو نمبر ____________ ویڈیو کانفرس فیسیلٹی بمقام ____________________ پر حاصل کرنے کا خواہاں ہوں۔

____________________

دستخط رکن

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 166(3) کے تحت خود مختار ڈائریکٹرز کے حوالے سے بیان

**خود مختار ڈائریکٹرز کا انتخاب**

کوئی بھی شخص جو سیکشن 153 کے تحت اہل ہے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166(2) اور کمپنیز (خود مختار ڈائریکٹرز کا طریقہ اور انتخاب) ریگولیشنز 2018 کے معیار پر پورا اترتا ہے، وہ خود مختار ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کے لیے درخواست جمع کرا سکتا ہے۔ تاہم یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ خود مختار ڈائریکٹر کا انتخاب اسی طرح کیا جائے گا جس طرح کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت دیگر ڈائریکٹرز منتخب ہوتے ہیں۔ سیکشن 159(4) کے مطابق انتخاب میں حصہ لینے والے ڈائریکٹر کی حتمی لسٹ مذکورہ میٹنگ کے انعقاد سے کم از کم سات دن قبل اخبارات میں شائع کر دی جائے گی۔ مزید یہ کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی ہر ڈائریکٹر کی ضروری معلومات اپ ڈیٹ کر دی جائیں گی۔

**موجودہ ڈائریکٹرز کا عمومی کاروبار میں صرف یہ مفاد ہے کہ وہ کمپنی کے ڈائریکٹرز کے طور پر دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں۔**